ایک مخلص اور بہادر انسان

❂ پنجاب میں ایک صاحب ہمیں مل گئے ہیں۔ "سید عطاء اللہ شاہ" صاحب، صاحبِ توفیق، صاحب صلاحیت، صاحب سواد اور خوب کام کرتے ہیں۔

❂ ہم عطاء اللہ شاہ کو اگر سب کاموں سے ہٹا کر صرف تردیدِ قادیانیت پر لگا دیں تو کیسا رہے گا؟

❂ یہ صاحب واقعی مخلص ہیں، بہت محنتی اور بہت زیادہ بہادر۔

❂ مولویوں کی طرح خواہش زر میں مبتلا ہیں اور نہ خواہش شہرت میں۔

بس! بے چارے محض اللہ کے لیے کام کئے جاتے ہیں۔

❂ ہم نے قادیانیت کے متعلق انہیں توجہ دلائی کہ یہ فتنۂ عظیم، صحیح اسلام کو جڑ سمیت اکھاڑ پھینکنے کا ارادہ کر بیٹھا ہے۔ آپ کیوں نہ اس فتنہ کے خلاف کچھ کام کر گزریں۔ آپ کا وہ کام، دین میں آپ کے لئے نفع رساں ہو گا اور دنیا میں اس سے اہل دین کو فائدہ پہنچے گا۔ آپ کام کے لئے پیدا کئے گئے ہیں، نتائج کے ذمہ دار نہیں۔

❂ دین کی قدریں بگڑ رہی ہیں۔ کفر چاروں طرف سے یلغار کر چکا ہے۔ اس وقت مسلمانوں کو اپنے لئے ایک امیر کا انتخاب کر لینا چاہیئے۔ میں اس کے لئے سید عطاء اللہ شاہ بخاری کو منتخب کرتا ہوں۔ وہ صلح بھی ہیں اور بہادر بھی۔ (۱۹۳۰ء، لاہور)

❂ انہوں نے پنجاب میں چند تقریریں کر کے قادیانیت کے خلاف ایک عام جذبہ پیدا کر دیا۔ بڑوں سے جو کام نہ ہوا وہ اس غریب نے کر دکھایا۔

❂ آپ، عطاء اللہ شاہ صاحب سے ملئے وہ عجیب آدمی ہیں۔ (طلباء دورہ حدیث کو نصیحت)

محدث العصر علامہ محمد انور شاہ کشمیری قدس سرہ

روایت: ابن الانوار محمد ازہر شاہ رحمہ اللہ